01-Jun-09

پریس ریلیز

کراچی (پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل بڑے پیمانے پر صحت وتعلیم کے شعبوں میں نہایت گراں قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہی خدمات کے پیش نظر اہل ثروت خواتین وحضرات ضرورتمند مستحقین زکوۃ کیلئے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ساتھ بھرپور تعاون کررہے ہیں۔ایسے کاموں کو جاری رکھنے کیلئے ایک اہل ثروت خاتون نے نام نہ بتانے کی شرط پر تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کا بنگلہ،ایک صنعتکار کی والدہ نے تقریباً 25 لاکھ روپے مالیت کا 400 گز کا پلاٹ اور ایک سینئر سٹیزن جوڑے نے 30 لاکھ روپے مالیت کا 120 گز کا دومنزلہ مکان جبکہ ایک اور خاتون نے 25 لاکھ روپے مالیت کا 120 گز کا چارمنزلہ مکان عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کو DONATE کیا ہے۔ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ترجمان شکیل دہلوی نے بورڈ آف ٹرسٹیز کی جانب سے انکے تعاون پر DONERS خواتین وحضرات کا شکریہ ادا کیا ہے اور اس دعا کا اظہار کیا ہے کہ خدائے تعالیٰ دونوں جہانوں میں انکے درجات بلند فرمائے اور دیگر ڈونرز کو بھی فلاحی کاموں میں حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔

#